# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

### پریس ریلیز

**مورخہ 9نومبر ، 2018ء**

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے آئی ووٹنگ کا پہلا کامیاب پائلٹ پروجیکٹ 14اکتوبر 2018ء کو ملک بھر کے ضمنی انتخابات میں منعقد کروایا۔اس کامیابی کی روشنی میں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے فیصلہ کیا ہے کہ 13 دسمبر 2018ء کو پی پی 168 لاہور xxv میں ہونے والے ضمنی الیکشن میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے آئی ووٹنگ کا دوسرا پائلٹ پروجیکٹ منعقد کیا جائے گا۔

12نومبر 2018ء سے لیکر 27نومبر 2018ء تک تمام اہل بیرون ملک مقیم پاکستانی جو کہ مقرر کردہ اہلیت کے پیمانہ پر پورا اترے ہیں۔اپنے آپ کو آئی ووٹنگ کی ویب سائٹ۔ https://overseagvoting.gov.pk کے ذریعے 13دسمبر 2018ء کو پی پی 168 لاہور xxv میں ہونے والے ضمنی انتخاب میں آئی ووٹنگ کے ذریعے خود کو رجسٹرڈ کرا سکتے ہیں۔

اہلیت کا پیمانہ آئی ووٹنگ کے عمل کو محفوظ رکھنے کے لئے تشکیل دیا گیا ہے۔اس پیمانہ کے تحت آئی ووٹنگ کے لئے وہ بیرون ملک مقیم پاکستانی اہل ہیں۔

(I) جو NICOP رکھتے ہوں (II) MRP جو رکھتے ہوں (III) جو پی پی 168 لاہور xxv کے ضمنی انتخاب کے لئے انتخابی فہرست کا حصہ ہوں۔

پی پی 168 لاہور xxv میں 10 سے زائد ممالک میں پھیلے ہوئے 4،677 بیرون ملک مقیم پاکستانی مقرر کردہ اہلیت کے پیمانے پر اترتے ہیں اور اپنے آپ کو 13دسمبر 2018ء میں ہونے والے ضمنی انتخاب کے لئے آئی ووٹنگ کے ذریعے رجسٹرڈ کروا سکتے ہیں۔

اہل بیرون ملک مقیم پاکستانی کسی سوال کی صورت میں آئی ووٹنگ کی ویب سائٹ https://overseagvoting.gov.pk پر موجود کال سنٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں اہل بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی مزید سہولت کے لئے آئی ووٹنگ کی ویب سائٹ پر "رجسٹریشن کے عمل" سے متعلق تفصیلی گائیڈز اور وڈیو ٹیوٹر موجود ہیں اس کے علاوہ شوشل میڈیا پر بھی الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بھرپور مہم جاری رکھی جائے گی۔